## سوال

(4)ابن حجر رحمہ اللہ اورامام زرقانی رحمہ اللہ کون ہیں

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اورامام زرقانی رحمۃ اللہ علیہ یہ دونوں شخصیات کون ہیں میں نے سنا ہے کہ اہل حدیث علماء نے ان دونوں شخصیات پر کفر کا فتویٰ لگایا ہے کیا یہ بات درست ہے یا محض افتراء ہے اور جو شخص کسی پر جھوٹی تہمت لگائے اس کا انجام کیا ہوگا۔ (محمداقبال حسن پورہ فیصل آباد)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ بلند پایہ محدث اور صحیح بخاری کے شارح ہیں اور علم حدیث میں انہوں نے نمایاں خدمات سر انجام دی ہیں۔ حدیث کے اصول اور رجال پر ان کی لاجواب کتب آج اہل علم کی لائبریریوں کی زینت ہیں اور طلباء وعلماء ان کی کتب سے مستفید ہوتے ہیں اور علامہ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ سیرت نگار اور شارح مؤطا ہیں۔ اپنی جگہ پر ان کا مقام بھی ہے لیکن ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ ہماری نظر میں ان سے کہیں آگے ہیں اور اہل حدیث ان اکابر کا احترام کرتے ہیں۔ ان پر فتویٰ کفر کسی اہل حدیث عالم نے نہیں لگایا یہ محض افتراء ہے اور بہتان تراشی ہے جو کہ قرآن حکیم کی نظر میں بہت بڑا گناہ ہے لہذا ایسا پروپیگنڈہ کرنے والے حضرات کو باز آجانا چاہیے۔ ائمہ دین، فقہاء محدثین، مفسرین و مجتہدین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کا ادب واحترام ضروری ہے ان کی وجہ سے ہی ہمیں دین اسلام کی روشن شاہراہ نصیب ہوئی ہے جو شخص ائمہ دین کا ادب واحترام ملحوظ نہیں رکھتا وہ بڑا بدنصیب ہے اوراس کے اچھے انجام کی توقع نہیں ہے۔ اللہ ہمیں ائمہ دین کا ادب واحترام کرنا نصیب کرے۔ آمین

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

**کتاب العقائد والتاریخ، صفحہ:36**

**محدث فتویٰ**